ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

13-09-2021

**بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کی رواں ہفتے کے پہلے ورکنگ دن کھلی کچہری، 53 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے، 03 درخواستوں پر اینٹی وویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کی افسران کو سننے جبکہ متعدد درخواستیں تھانہ عباس نگر سے متعلقہ ہونے پر ایس ڈی پی او صدر سرکل کو تھانہ عباس نگر میں پہنچ کر درخواست دہندگان کو ایس ایچ او اور تفتیشی افسران کی موجودگی میں سننے کا حکم دیا، شہریوں کی درخواستوں پر بروقت کارروائی اور ازالہ اولین ترجیح ہے، کمی و کوتاہی ہرگز برداشت نہیں، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کے سلسلہ میں رواں ہفتے پہلے ورکنگ ڈے کھلی کچہری لگائی، جس میں 53 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے۔ ڈی پی او نے سائلین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈکیتی وقتل جیسے سنگین نوعیت کے مقدمات پر روزانہ کی بنیاد پر فالواپ لیکر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے جاتے ہیں تاکہ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد حقائق پر یکسو کیا جا سکے اور ان مقدمات میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچا کر شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جا سکے، 03 خواتین شہریوں کی درخواستوں کو اینٹی وویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کی افسران کو سننے و کارروائی جبکہ متعدد شہریوں کی تھانہ عباس نگر سے متعلقہ درخواستیں ہونے پر ایس ڈی پی او صدر سرکل کو تھانہ عباس نگر میں پہنچ کر درخواست دہندگان کو ایس ایچ او اور تفتیشی افسران کی موجودگی میں سننے کا حکم دیا، مقدمات کی تفتیش میں میرٹ ہر صورت مقدم رکھا جائے، کسی سے ناانصافی نہیں ہونی چاہیے، متعدد شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ پولیس افسران کو آن کال لیتے ہوئے کمیونٹی پولیسنگ اور انسانیت کے جذبے کے تحت حل کرنے اور متعینہ وقت میں ڈی پی او آفس رپورٹ بھجوانے کے بھی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ کرنے والے افسران اپنے آپ کو احتساب کے لیے تیار رکھیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس




بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے،

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

13-09-2021

**بہاول پور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کا الیکشن کمیشن کے تحت ہونے والے کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن کے دوران بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر پولیس افسران اور جوانوں کو شاباش جبکہ اور پرامن اور معاشرتی امن برقرار رکھنے کے لیے شہریوں، معاونین اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا نمائندگان کا الیکشن کے دوران اہم کردار رہا، جس کی وجہ سے پرامن الیکشن کا انعقاد ممکن ہوا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے تحت کنٹونمنٹ بورڈ کے ہونے والے الیکشن کے اختتام پر بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر تمام پولیس افسران واہلکاران کو شاباش دی۔ انتخابی عمل کو پرامن بنانے کیلئے پولیس نے دن رات جانفشانی، ایمانداری اور الرٹ ہو کر اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ پرامن انتخابات کا انعقاد ثابت کرتا ہے کہ قانون کی بالادستی قائم اور ریاست کی رٹ بحال رہی۔ الیکشن کے دوران پرامن ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے ساتھ امن کمیٹی کے ممبران، انجمن تاجران، عوامی نمائندگان، میڈیا اور سول سوسائٹی کا کردار قابل تعریف ہے، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس کے ساتھ تعاون کرنے پر تمام اداروں اور افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور مستقبل میں ایسے مثالی تعاون کی امید رکھتے ہیں, کیونکہ پولیس عوام کے تعاون سے ہی موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر چیلنجز سے نمٹ سکتی ہے۔ پولیس عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کے لیے دن رات کوشاں ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس




بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کنٹونمنٹ بورڈ کے ہونے والے الیکشن کے دوران سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے جبکہ دوسری طرف پولیس افسران الرٹ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

13-09-2021

**بہاولپور() تھانہ صدر بہاول پور پولیس کی منشیات کے خلاف بڑی کامیابی، لاکھوں روپے مالیتی ساڑھے 03 کلوگرام ہیروئن برآمد، مقدمہ درج، مزید انٹروگیشن جاری، پولیس کی یہ ایک بڑی کامیابی ہے، اس طرح کی مزید کارروائیاں بھی مستقبل میں بھی جاری رکھتے ہوئے بڑے منشیات فروشوں کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا، ڈی پی او محمد فیصل کامران،**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی منشیات فروشوں کے خلاف مہم کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران کی قیادت میں پولیس منشیات فروشوں کے بڑے گروہوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، اس سلسلہ میں تھانہ صدر بہاول پور پولیس نے منشیات کے خلاف بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیتی ساڑھے 03 کلوگرام ہیروئن برآمد کرلی، اے ایس پی صدر سرکل کی زیر نگرانی اور ایس ایچ او تھانہ صدر بہاول پور کی سربراہی میں اسپیشل ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد امین عرف مینا کو گرفتار کرلیا، جو کہ بہاولپور میں منشیات سپلائی کرتا تھا، جس کے قبضہ سے ساڑھے 03 کلوگرام ہیروئن برآمد کرلی، جس سے مزید تفتیش جاری ہے اور اہم انکشافات بھی متوقع ہیں، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا جا چکا ہے، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اے ایس پی صدر سرکل، ایس ایچ او اور اس کی پوری ٹیم کی بہترین کارکردگی کو سراہا اور تعریفی سرٹیفکیٹ کا اعلان بھی کیا، ڈی پی او نے اہم کارروائی کے حوالے سے جاری پیغام میں کہا کہ بلاشبہ صدر پولیس کی منشیات کے خلاف بڑی کامیابی ہے، آئی جی پنجاب کی منشیات کے خلاف جاری کمپین کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے گا، جبکہ ملزم سے مزید تفتیش کرتے ہوئے اس سے جڑے تمام حقائق کو سامنے لایا جا کر پورے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ بہاول پور کو منشیات سے پاک کرنے کا عزم ہے، اس طرح کی مزید کارروائیاں مستقبل میں بھی جاری رکھی جائیں گیں،

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاولپور: تھانہ صدر بہاول پور پولیس کی منشیات کے خلاف بڑی کامیابی، ملزم گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی ساڑھے 03 کلوگرام ہیروئن برآمد، مقدمہ درج،